National Officers Academy

Mock Exams PMS Punjab-2023

June 2024

Urdu(Essay, Précis, Comprehension & Translation)

TIME ALLOWED: THREE HOURS	MAXIMUM MARKS = 100

NOTE:

i. All the parts (if any) of each Question must be attempted at one place instead of at different places.
ii. Write Q. No. in the Answer Book in accordance with Q. No. in the Q. Paper.
iii. No Page/Space be left blank between the answers. All the blank pages of Answer Book must be crossed.
iv. Extra attempt of any question or any part of the question will not be considered.

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے۔(کم از کم الفاظ:ایک ہزار) 30 نمبر

(الف) پاکستانی ادب کا فروغ
(ب) معاشرتی جرائم کا خاتمہ ایک قومی چیلنج
(ج) جنگلی حیات اور پاکستان
(د) مضبوط خارجہ پالیسی مضبوط معیشت

سوال نمبر2: درج ذیل اقتباس کی تلخیص کیجیے جو اصل عبارت کے ایک تہائی سے زیادہ نہ ہو،تلخیص کا عنوان بھی دیجیے ۔ 15 نمبر

ادب ہماری تہذیبی، علمی، روحانی، معاشرتی، جمالیاتی اور انسانی قدروں کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ یہ معاشرے کا ضمیر کہلاتا ہے اور ہماری تہذیبی و ثقافتی اقدار کو زندہ رکھنے کے لیے آکسیجن کا کام کرتا ہے۔ ادب کی فعالیت اس بات میں مضمر رہی ہے کہ دُنیا کے بدلنے کے ساتھ ساتھ ادب کی ماہیت میں بھی تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے۔ یہ تبدیلی موضوعات ہی میں نہیں تکنیک اور اسلوب کی سطح پر بھی ہوتی ہے اور اس بنیادی رویے میں بھی جس سے کوئی عنصر شناخت ہوتا ہے۔ اگر مجموعی حوالے سے دیکھا جائے تو ادب ایک ہمہ گیر شناخت ہے جو ایک تہذیب کا ناگزیر حصہ ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ معاشروں کا ادب وہی پائیدار ہوتا ہے۔ جو مادری زبانوں کے بطن سے جنم لیتا ہے۔ مادری زبانیں زمین کے بغیر اپنی خوشبو برقرار نہیں رکھ سکتیں۔ جس معاشرے کی جڑیں اپنی زمین میں اور جس ادب کی آبپاری معاشرے کے خون سے کی گئی ہو وہ اپنے تخلیق کرنے والے معاشرے کی مہک لیے ہوتا ہے۔

سوال نمبر3: درج ذیل جملوں کو اس طرح درست کیجیے کہ جملے کی ساخت متاثر نہ ہو۔ 10 نمبر

1- اسے دوست کی تار آئی۔
2- ہ امتحان میں فعل ہوگیا۔
3- مجھے ایک ڈراونی خواب آئی
4- یہ شعر مجھے سمجھ نہیں آیا
5- برائے کرم مجھے جانے دیجیئے
6- میں جلدی واپس آجاوں گا
7- انہوں نے میرے سے کہا۔
8- مالی گلاب کا پھول لگا رہا ہے
9- جب اس نے ہوش سنبھالی
10- وہ مجھ سے لڑنے لگ گیا

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے پانچ محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کامفہوم بہ خوبی واضح ہوجائے۔ 15 نمبر

(الف) بلائیں لینا
(ب) خاک چھاننا
(ج) آب و دانہ اٹھ جانا
(د) خون سفید ہونا
(ہ) تیور بدلنا
(و) تلوار کے گھاٹ اتارنا
(ز) تین تیرہ ہونا
(ح) ناک رگڑنا
(ط) کمر باندھنا
(ی) گلچھڑے اڑانا

سوال نمبر5: درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح کیجیے، تشریح سے پہلے شاعر کا نام بھی لکھیے۔ **15 نمبر**

(الف) میر ان نیم باز آنکھوں میں ساری مستی شراب کی سی ہے

(ب) لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام آفاق کی اس کارگہ شیشہ گری کا

(ج) عاشقی صبرطلب اور تمنا بے تاب دل کا کیا رنگ کروں خون جگر ہونے تک

(د) جنہیں میں ڈھونڈتا ہوں آسمانوں میں زمینوں میں وہ نکلے میرے ظلمت خانہ دل کے مکینوں میں

(ہ) حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

سوال نمبر6: کانٹ چھانٹ سے گریز کرتے ہوئے درج ذیل عبارت کا رواں اردو ترجمہ کیجیے۔ **15 نمبر**

In Pakistan, English drama has had a limited tradition as an art form. The very few significant dramatists include Rukhsana Ahmad, Tariq Ali, and Hanif Kureishi. One of the most significant dramas includes “The Last Metaphor” (Summary and Themes) by Usman Ali. This drama not only represents Pakistani culture by highlighting many social evils but also incorporates many features of a modernistic text. The reason for this limited scope of Pakistani Dramatists and drama was because of less scope of English language in Pakistan.

<u>Good Luck for PMS PUNJAB 2023</u>